NHS

UK Health
Security
Agency

# اپنے بچے کو RSV سے کیسے محفوظ رکھیں

حاملہ خواتین کے لئے ریسپائٹری سینسیشئیل
وائرس (RSV) ویکسین کا رہنما کتابچہ



حاملہ خواتین اپنے بچوں کو ریسپائٹری سینسیشئیل وائرس (RSV) سے بچانے کے لئے، ہر
حمل میں مفت ویکسین لگوا سکتی ہیں۔

## ہمیں بچوں کو RSV سے کیوں بچانے کی ضرورت ہے؟

ریسپائٹری سینسیشئیل وائرس یا RSV ایک عمومی وائرس ہے جو کہ پھیپھڑوں کے انفیکشن کا باعث بن سکتا ہے جسے برونکالائٹس کہا جاتا ہے۔ چھوٹے بچوں میں یہ علامت سانس لینے اور دودھ پینے میں دشواری کا باعث ہو سکتی ہے۔ اکثر بچوں کا علاج گھر پر ہی کیا جاتا ہے لیکن ہر سال برطانیہ میں 20,000 شیر خوار بچے برونکالائٹس کے مرض کی وجہ سے ہسپتال میں داخل ہوتے ہیں۔ شدید برونکالائٹس کے حامل شیر خوار بچوں کو انتہائی نگہداشت کی ضرورت ہو سکتی ہے اور یہ انفیکشن جان لیوا ہو سکتا ہے۔ قبل از وقت پیدا ہونے والے بچے، اور جنہیں دل، سانس لینے یا مدافعتی نظام میں بیماری لاحق ہے ان میں RSV زیادہ سنگین ہونے کا امکان ہوتا ہے۔ RSV انفیکشنز پورا سال ہو سکتے ہیں لیکن ان کے کیسز سردیوں میں بہت زیادہ بڑھ جاتے ہیں۔

## RSV کیسے پھیلتا ہے؟

RSV انتہائی وبائی ہے اور آسانی سے پھیلتا ہے، خاص طور پر بچوں میں، کھانسی یا چھینک کے ذریعے پھیلتا ہے۔ حتیٰ کہ ہاتھ دھونے اور منہ اور ناک ڈھانپنے جیسے عمومی اقدامات کے باوجود بھی، خاندان میں انفیکشن کے پھیلاؤ سے بچنا مشکل ہے۔ اپنے بچے کو RSV انفیکشن سے بچانے کا سب سے بہترین طریقہ یہ ہے کہ حمل کے دوران ویکسین لگوائیں۔

## RSV ویکسین کتنی مؤثر ہے؟

یہ ویکسین آپ کے مدافعتی نظام کو وائرس کے خلاف اینٹی باڈیز بنانے کے لئے بڑھاتی ہے۔ یہ اینٹی باڈیز پھر آپ کی بچے کے پیدائش کے دن سے لے کر نال سے گزر کر ان کی حفاظت میں مدد کرتی ہیں۔ RSV ویکسین زندگی کے پہلے 6 مہینوں میں شدید برونکالائٹس کے خطرے کو 70% تک کم کر دیتی ہے۔ اس عمر کے بعد آپ کے بچے کو شدید RSV کا بہت کم خطرہ لاحق ہوتا ہے۔ بڑے بچوں یا بالغ افراد کو بھی RSV انفیکشن ہو سکتا ہے، لیکن یہ بیماری چھوٹے بچوں اور 75 سال سے زائد عمر کے لوگوں کے لئے زیادہ سنگین ہوتی ہے۔

## مجھے ویکسین کب لگوانی چاہئیے؟

آپ کو اسے پیدائش سے پہلے 28 ہفتے کے اپائنٹمنٹ پر لگوانا چاہئیے۔ اگر آپ نے اس مرحلے پر ابھی تک نہیں سنا، تو اپائنٹمنٹ لینے کے لئے اپنی زچگی کی خدمات یا GP پریکٹس سے رابطہ کریں۔ 28 ہفتے یا اس سے کچھ ہفتے کے اندر ویکسین لگوانے سے آپ کو پیدائش سے پہلے اپنے بچے کو منتقل کرنے کے لئے اینٹی باڈیز کی اچھی سطح بنانے میں مدد ملے گی۔ یہ آپ کے بچے کو بہترین تحفظ فراہم کرے گا، بشمول اگر وہ قبل از وقت پیدا ہوئے ہیں۔

آپ اپنے حمل میں تاخیر سے بھی ویکسین لگوا سکتی ہیں لیکن یہ کم مؤثر ہو گا۔ اگر آپ کے لئے پہلے ویکسین لگوانا ممکن نہیں ہو سکا، تو یہ بچہ پیدا ہونے تک بھی لگوائی جا سکتی ہے۔ اگر آپ نے حمل میں بہت تاخیر سے یہ لگوائی ہے، تو تب بھی یہ آپ کو انفیکشن سے بچا سکتی ہے اور آپ کے شیر خوار بچے میں انفیکشن پھیلنے کے خطرے کو کم کر سکتی ہے۔

## کیا مجھے کوئی مضر اثرات ہوں گے؟

ویکسین عام طور پر بازو کے اوپری حصہ میں لگائی جاتی ہے اور آپ کو انجیکشن لگنے کے مقام پر تھوڑی بہت سوزش، سرخی یا سوجن ہو سکتی ہے۔ آپ کو 1 یا 2 دن کے لیے سر درد یا بدن درد ہوسکتا ہے۔

بڑے بزرگوں میں ویکسین کے بعد اعصابی نظام کا عارضہ جوکہ کمزوری پیدا کرتا ہے، جس کو گیلن بیری سنڈروم کہا جاتا ہے **کبھی کبھی رپورٹ کیا گیا ہے. لاتعداد عام انفیکشنز اور بعض ویکسینز کے بعد بھی ایسا ہی عارضہ سامنے آتا ہے یہ عارضہ کم عمر لوگوں بہت کم ہے، اور اب تک ایسا کوئی ثبوت نہیں ملا کہ RSV ویکسین نے** گیلین بیری سنڈروم کے خطرے کو حاملہ خواتین میں بڑھایا ہے

## کیا حمل کے دوران RSV ویکسین لگوانا میرے بچے کے لئے محفوظ ہے؟

یہ ویکسین کلینیکل آزمائش کے دوران 4,000 خواتین کو لگائی گئی ہے اور قومی پروگراموں میں ہزاروں خواتین کو لگائی گئی ہے۔ امریکہ میں نگرانی کے دوران، جہاں یہ تقریبا 100,000 خواتین کو لگائی گئی ہے، اس نے ایک اچھا حفاظتی پروفائل ظاہر کیا ہے۔ بنیادی کلینیکل آزمائش میں، ویکسین لگانے کے ایک مہینے بعد، ویکسین گروپ (2.1%) میں ویکسین نا لگوانے والے گروپ (1.9%) کے مقابلے میں قدرے زیادہ قبل از وقت پیدائش والے بچے تھے۔ یہ فرق زیادہ تر اس امکان کی وجہ سے ہے۔ اس ویکسین کو تحفظ، معیار اور حفاظت کے اعتبار سے برطانیہ، یورپ اور امریکہ کے ادویات کے انضباطی اداروں نے منظور کیا ہے۔

## کیا ویکسین لگوانے کا مطلب یہ ہے کہ میرے بچے کو RSV نہیں ہو گا؟

یہ ویکسین آپ کے بچے کے شدید RSV بیماری کا شکار ہونے کے امکان کو کم کرتی ہے۔ تمام ادویات کی طرح، کوئی بھی ویکسین پوری طرح مؤثر نہیں ہوتی اور کچھ بچوں کو ان کی ماؤں کو ویکسین لگوانے کے باوجود RSV انفیکشن ہو سکتا ہے۔ تاہم، ویکسین لگوانے والی ماؤں سے پیدا ہونے والے بچوں میں، کوئی RSV انفیکشن کم شدت کا حامل ہونا چاہیئے۔

آپ RSV ویکسین کے لئے Abrysvo نامی مریض کا معلوماتی کتابچہ یہاں پڑھ سکتے ہیں:
**www.medicines.org.uk/emc/product/15309/pil**

## اگر میرے بچے کو زیادہ خطرہ ہو تو کیا ہو گا؟

کچھ بچوں کو RSV کا بہت زیادہ خطرہ ہوتا ہے، جیسے بہت زیادہ قبل از وقت پیدائش والے بچے، یا وہ جنہیں دل کی بہت شدید بیماری ہے یا وہ جن کا مدافعتی نظام کمزور ہے انہیں اینٹی باڈی انجیکشن بھی لگایا جا سکتا ہے۔ یہ انجکشن کسی بھی اینٹی باڈیز سے بڑھ کر تحفظ فراہم کرے گا جو کہ وہ اپنی ماں سے حاصل کر سکتے ہیں۔

## کیا مجھے ہر حمل میں RSV ویکسین لگوانی ہو گی؟

جی ہاں، آپ کو اپنے نئے بچے کو بہترین تحفظ فراہم کرنے کے لئے ہر حمل میں یہ لگوانی ہو گی۔

## کیا RSV ویکسین کے ساتھ ہی میں اپنی زچگی کی دوسری ویکیسنز لگوا سکتی ہوں؟

یہ اہم ہے کہ آپ حمل میں اپنی ویکسینز صحیح وقت پر لگائیں:

- کالی کھانسی کی ویکسین عام طور پر حمل کے شروع میں دی جاتی ہے (حمل کے وسطی اسکین کے وقت عام طور پر 20 ہفتوں میں)
- 28 ہفتوں کی حاملہ ہونے پر آپ کو RSV ویکسین لگوانی چاہئیے
- نزلے کی ویکسین حمل کے کسی بھی مرحلے پر دی جا سکتی ہے۔ جیسے یہ دستیاب ہو آپ کو اسے لگوا لینا چاہئیے

جب آپ کو RSV ویکسین کے لئے بلایا جاتا ہے، تو اگر آپ نے ابھی تک کالی کھانسی یا نزلے کی ویکسینز نہیں لگوائیں، تو آپ اسی وقت یہ بھی لگوا لینی چاہئیں۔

## میں مزید معلومات کہاں سے حاصل کر سکتی ہوں؟

آپ اپنی دائی یا GP پریکٹس سے بات کر سکتی ہیں اور یہاں یہ کتابچہ آن لائن پڑھ سکتی ہیں:

**www.gov.uk/government/publications/respiratory-syncytial-virus-rsv-maternal-vaccination**

**www.nhs.uk/pregnancy/keeping-well/vaccinations**

حاملہ ہونے پر آپ کو ویکسینز کے بارے میں مزید معلومات ذیل میں پیش کی جائے گی:

**www.gov.uk/government/publications/pregnancy-how-to-help-protect-you-and-your-baby**

## کیا میرے بچے کو RSV برونکالائٹس ہو سکتا ہے؟

RSV برونکالائٹس کی علامات میں مندرجہ ذیل شامل ہو سکتی ہیں:

- ناک بہنا یا بند ہونا
- سانس لینے مین دشواری،تیزی یا شور (گھرگھراہٹ)
- دودھ پینے میں دشواری
- کھانسی
- بخار
- بے چین یا آرام میں دشواری
- تھکاوٹ یا سستی

RSV چھوٹے بچوں میں دیگر عارضے بھی پیدا کر سکتا ہے جیسے گھڑگھڑاہٹ والی کھانسی ( حلق کا ورم) اور کان کے اندر دردناک انفیکشن (اوٹائٹس میڈیا)۔

آپ ییلو کارڈ ویب سائٹ پر یا مفت فون لائن 0800 731 6789 پر کال کرکے (صبح 9 بجے تا شام 5 بجے پیر سے جمعہ) یا ییلو کارڈ ایپ ڈاؤن لوڈ کرکے مشتبہ ضمنی اثرات کی اطلاع کر سکتے ہیں۔

**www.mhra.gov.uk/yellowcard**

## ایک فوری GP اپائنٹمنٹ کا مطالبہ کریں یا 111 پر کال کریں اگر:

- آپ کے بچے کو سردی لگ گئی ہے اور اس کی حالت خراب ہو رہی ہے
- آپ کا بچہ معمول سے کم کھا رہا ہے یا پی رہا ہے
- اگر 12 گھنٹے یا اس سے زائد آپ کے بچے کی نیپی خشک ہے، یا پانی کی کمی کی دیگر علامات ظاہر کرتا ہے
- آپ کا بچہ 3 مہینے سے کم عمر ہے اور اسے °38 سینٹی گریڈ بخار ہے، یا وہ 3 مہینے سے بڑا ہے اور اسے °39 سینٹی گریڈ یا اس سے زیادہ بخار ہے

### 999 پر کال کریں یا A&E پر جائیں اگر:

اگر آپ کا بچہ بہت زیادہ بیمار ہے، اپنے فیصلے پر بھروسہ رکھیں۔ آپ کو عمل کرنا چاہئیے اگر:

- آپ کے بچے کو سانس لینے میں دشواری ہو رہی ہے - آپ دیکھ سکتے ہیں کہ گڑگڑاہٹ کی آوازیں آتی ہیں یا اس کا سینہ اور پیٹ کی دیوار کے درمیان یا اس کی پسلیوں کے نیچے اندر کو دھنسا ہوا ہے
- جب آپ کا بچہ سانس لیتا ہے تو اس کے درمیان وقفے ہوتے ہیں
- آپ کے بچے کی جلد، زبان یا ہونٹ نیلے ہیں
- آپ کا بچہ غنودگی میں ہے اور نہیں جاگ رہا یا جاگتا رہتا ہے۔



© Crown copyright 2025. Version 3. UK Health Security Agency Gateway Number 2024-942.
Product code: V2C24RSV03UR Urdu 2p 100K FEB 2025 (APS).
To order more copies of this asset, please visit: **www.healthpublications.gov.uk**
or call **0300 123 1002**.This leaflet is available as a BSL video, and audio file, in Braille, large print and translated into 30 community languages.